بسم اللہ الرحمن الرحیم

Wifaq - ul - Madaris - il - Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر : 061 - 6539376 - 6539665
فیکس نمبر : 061 - 6539485

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

محترم ومکرم جناب حضرت مہتمم صاحب زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

امید ہے خیر وعافیت سے ہوں گے اور دن رات دین متین کی خدمت اور اشاعت میں مصروف ہوں گے۔

گزارش ہے کہ کچھ عرصے سے مختلف علاقوں اور متعدد مدارس کی طرف سے یہ تشویشناک اطلاعات موصول ہو رہی ہیں کہ این جی اوز کے نمائندے بعض اوقات سروے کے نام پر، کبھی تحقیق اور ریسرچ کے نام پر مدارس سے مختلف قسم کے سروے فارم پر کرواتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ مقالہ جات اور تھیسس لکھنے کا بہانہ بنا کر مدارس کے اساتذہ و طلبہ سے انٹرویو کرتے ہیں۔ جبکہ بہت سے لوگ خود کو صحافی ظاہر کر کے دینی مدارس سے مختلف معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں یا دینی مدارس کی تصاویر اور ویڈیوز حاصل کر کے انہیں غلط مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

بعض اوقات تو ایسے لوگ یقیناً صحافی ہوتے ہیں۔ اگر ان کے بارے میں یہ معلوم ہو کہ وہ کسی مستند اور معروف صحافتی ادارے سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ بد دیانتی اور خیانت کے مرتکب نہیں ہوں گے تب تو ان کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔ بصورت دیگر خندہ پیشانی سے ان سے معذرت کر لینی چاہیے۔ جبکہ تمام سروے، مقالہ جات اور تھیسس وغیرہ کے نام پر آنے والے لوگوں بالخصوص غیر ملکیوں کے معاملے میں تمام اہل مدارس کو تو انتہائی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ عموماً ان سروے رپورٹوں اور دیگر معلومات کو بدنیتی کی بنیاد پر حاصل کیا جاتا ہے اور وقت آنے پر مدارس کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے تمام ارباب مدارس کو چاہیے کہ وہ اس بات کا اہتمام فرمائیں کہ ایسے لوگوں کو وفاق المدارس کے علاقائی مسئولین، مرکزی دفتر یا مرکزی قیادت سے رجوع کرنے کو کہیں۔ از خود انہیں مدارس تک رسائی نہ دیں اور نہ ہی تصویر کشی، ویڈیو سازی، معلومات کے حصول، سروے فارموں کی تقسیم اور اساتذہ وطلبہ کے انٹرویوز کرنے کی اجازت دیں۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء

والسلام

سلیم اللہ خان

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ
صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(مولانا) محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان